# ساہتیہ اکیڈمی کے ۶ روزہ سالانہ 'جشن ادب' کا آغاز ۱۱ مارچ سے

نئی دہلی (اسٹاف رپورٹر) ساہتیہ اکیڈمی کے زیراہتمام سالانہ جشن ادب کا آغاز ۱۱ مارچ کو ہورہا ہے۔ یہ جشن اس مرتبہ بڑے پیمانے پر دہلی واطراف کے شائقین ادب کے لیے پیش کیا جائے گا۔ ۶ روزہ تقریب میں رواں سال ۴۰۰ سے زائد ادیب، ۴۰ سے زیادہ مختلف تقاریب میں تقریباً ۶۰ زبانوں کی نمائندگی کریں گے۔ افتتاح وزیر مملکت برائے ثقافت ارجن رام میگھوال کریں گے۔ یہ اطلاع ساہتیہ اکیڈمی کے سکریٹری ڈاکٹر کے سرینواس راؤ نے صحافیوں کو پریس کانفرنس کے دوران دی۔ جشن ادب کی تقریب کمانی آڈیٹوریم میں شام ساڑھے پانچ بجے منعقد کی جائے گی۔ مہمان خصوصی کے طور پر اپامنیو چٹرجی شرکت کریں گے۔ سپریم کورٹ کے سابق چیف جسٹس دیپک مشرا کا لیکچر ہوگا۔



ساہتیہ اکیڈمی کے سکریٹری ڈاکٹر کے سرینواس راؤ ودیگر پریس کانفرنس کرتے ہوئے

قومی سمینار کا موضوع 'عظیم شعراء کی یادیں، تحریک آزادی ہند اور قوم کی تعمیر' ہوگا جس کا افتتاحی خطبہ پروفیسر وشوناتھ تیواری اور کلیدی خطبہ آشیش نندی دیں گے۔ مادری زبان کی اہمیت کو مدنظر رکھتے ہوئے 'مادری زبان کی اہمیت' پر ہندوستان میں آدیواسی قوم کے رزمیہ، سنسکرت زبان اور ہندوستانی ثقافت وغیرہ پر بھی مباحثہ رکھا گیا ہے۔ پروگرام میں شامل ہورہے کچھ معروف ادیب، ڈرامہ نگار، فلم ساز، پبلشر، صحافی ہیں، سرجیت پاتر، لیلادھر جگوڑی، آشیش نندی، شین کاف نظام، ابھیراج راجندر مشر، وائی ڈی تھونگچی، ارجن دیو چارن، طارق چھتاری، موہن آگاشے، کیتن مہتا، دیا پرکاش سنہا، سونل مان سنگھ، جتن داس، مرنال مری، اتل تیواری، وید پرتاپ ویدک، آلوک مہتا، اشوک گھوش وغیرہ کے نام قابل ذکر ہیں۔